Fresh notice No-1525

عنایت اللہ خان

ممبر صوبائی اسمبلی پی کے 12 دیر بالا

قرارداد

جناب سپیکر صاحب!

صوبائی اسمبلی خیبر پختونخوا کے قواعد انضباط وطریقہ کار 1988ء کے قاعدہ 123 کے تحت آپ کی وساطت سے اس معزز ایوان میں قرارداد پیش کرتا ہوں کہ یہ ایوان حکومت سے اس امر کی سفارش کریں کہ مری، گلیات اور شمالی علاقہ جات سمیت تفریحی مقامات میں واقع ہوٹلوں میں سیاحوں سے منہ مانگے کرایہ جات اور اشیائے خوردونوش کی زیادہ قیمت وصولی کا نوٹس لیا جائے۔

جناب سپیکر صاحب!

7 جنوری کو جمعہ اور ہفتہ کی درمیانی رات مری اور گلیات میں شدید برفباری کے نتیجے میں 22 سیاحوں کی ہلاکت کے افسوسناک سانحہ کے بعد مقامی اور عالمی ذرائع ابلاغ میں تسلسل کے ساتھ یہ خبریں آرہی ہیں کہ ان سیاحتی مقامات پر ہوٹل مافیاز نے مجبور لوگوں کو بے حسی کے ساتھ لوٹا اور فیملی کے ساتھ برفباری میں پھنسے سیاحوں سے ہوٹل والوں نے ایک رات کے 30 ہزار روپے سے 50 ہزار روپے تک کرایہ مانگا ایک انڈا 500 روپے میں بیچا گیا میڈیا رپورٹس کے مطابق مری اور گلیات میں برفباری کے دوران بینکوں کی اے ٹی ایم مشین سے پیسے نکالنا بھی مشکل ہوگیا تھا اور بعض فیملیز کے پاس کیش نہ ہونے کی وجہ سے سیاحوں نے اپنی قیمتی اسناد گاڑیوں کی رجسٹریشن یہاں تک کہ خواتین نے اپنے زیور تک ہوٹل والوں کے پاس رکھے۔

جناب سپیکر صاحب!

ہمارے ملک میں قدرتی سانحات آتے رہتے ہیں یہ کوئی پہلا موقع نہیں ہے لیکن ان سانحات کے نتیجے میں ہمیں اپنی کمزوریوں اور کوتاہیوں پر ضرور توجہ دینی چاہیئے۔ سانحہ مری نے جہاں ہماری انتظامی صلاحیت کو آشکار کر کے رکھ دیا وہاں اس افسوسناک اور دلخراش واقعہ نے ہماری سیاحت کی وزارت کی بھی اہلیت ظاہر کردی۔ سچی بات یہ ہے کہ اس افسوناک سانحہ کے بعد میڈیا، سوشل میڈیا اور عالمی ذرائع ابلاغ پر سامنے آنی والی ان افسوسناک خبروں سے مجھ سمیت ہر پاکستانی شدید کرب میں مبتلا ہے۔

میں اس تناظر میں اس معزز ایوان میں قرارداد پیش کرتا ہوں کہ یہ ایوان حکومت سے اس امر کی سفارش کریں کہ وہ وفاقی حکومت سے سفارش کریں کہ مری، گلیات اور شمالی علاقہ جات سمیت تفریحی مقامات میں واقع ہوٹلوں میں سیاحوں سے منہ مانگے کرایہ جات اور اشیائے خوردونوش کی کئی گناہ زیادہ قیمت وصولی کا فوری نوٹس لیا جائے اور متعلقہ اداروں کو ہدایت کی جائے کہ وہ سیاحوں کو لوٹنے والے ہوٹل مافیاز کے خلاف سخت ترین کاروائی کریں اور آئندہ کے لئے انہیں مقررہ قوانین کے مطابق کاروبار کا پابند بنائیں۔ بہت شکریہ

1، عنایت اللہ خان
ایم پی اے پی کے 12 دیر بالا

2، سراج الدین خان
ایم پی اے پی کے 102

3، حمیرا خاتون
(ایم پی اے)

RESOLUTION
Session No. 20th
Notice No. 1525
Received Time: 2:45
Received Date 10:1:2022
From Mr. / Ms. سراج الدین ,MPA
Receiver Sign: